# کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ

KARACHI TIMBER MERCHANTS GROUP

KTMG

## نوٹس آف ایجنڈا

77 واں سالانہ مجلس عاملہ کا اجلاس اور الیکشن برائے 19-2018ء
بروز ہفتہ مورخہ 06 اکتوبر صبح 11:00 بجے گروپ آفس
بمقام: ساہووالا چیمبر، صدیق وہاب روڈ کراچی، پاکستان


ساہووالا چیمبر، صدیق وہاب روڈ کراچی، پاکستان
فون: 021-32730868 ویب سائٹ: www.ktmg.com.pk
ای میل: info@ktmg.com.pk, ktmgoffice@gmail.com

# کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ

ساہو والا چیمبر، صدیق وہاب روڈ کراچی، پاکستان

## ایجنڈا برائے 77 سالانہ مجلس عاملہ اجلاس

تاریخ: 15-09-2018 حوالہ نمبر: KTMG/AGBM/77/2018

تمام اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی مجلس عاملہ کا 77 واں سالانہ اجلاس اور الیکشن برائے سال 2018-2019 بروز ہفتہ مورخہ 06 اکتوبر 2018 صبح 11:00 بجے گروپ آفس میں درج ذیل مقاصد کی تکمیل کیلئے منعقد ہوگا:

۱- تلاوت قرآن مجید

۲- 16-09-2017 کو منعقد ہونے والے 76 ویں سالانہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی کی توثیق۔

۳- 30-06-2018 کو ختم ہونے والے سال کی سیکرٹری رپورٹ کی منظوری۔

۴- 30-06-2018 کو ختم ہونے والے مالی سال کی آڈٹ رپورٹ کی منظوری۔

۵- مالی سال 2018-2019 کیلئے آڈیٹر کا تقرر اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔

۶- آئین کے تحت 2 سال مکمل کرنے کے بعد درج ذیل اراکین مستعفی ہو رہے ہیں لہٰذا سال 2018-2019 کیلئے صدر کی 1 نشست کیلئے اور مینیجنگ کمیٹی کی 6 نشستوں کیلئے الیکشن منعقد ہوگا۔

(الف) صدر کی ایک نشست

(ب) مینیجنگ کمیٹی کے درج ذیل 6 اراکین اپنی 2 سال کی مدت مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہو رہے ہیں:

۱۔جناب مختار حسین ڈوسانی

۲۔جناب سید محمد تقی

۳۔جناب سید دلاور حسین

۴۔جناب زاہد حسین پپرانی

۵۔جناب حاجی شوکت حسین اسمٰعیل داناوالا

۶۔جناب عبدالشکور

جبکہ جناب مشتاق ولی محمد جنہیں 23 دسمبر 2017 کو منعقد ہونے والی مینیجنگ کمیٹی کی میٹنگ میں بطور کو آپٹیڈ ممبر منتخب کیا گیا تھا وہ بھی ریٹائر ہو رہے ہیں۔

درج بالا ریٹائر ہونے والے حضرات بھی اگلے الیکشن برائے سال 2018-2019 میں حصہ لینے کے اہل ہونگے۔ الیکشن میں حصہ لینے کے خواہشمند تمام حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کاغذات نامزدگی گروپ آفس سے 27 ستمبر 2018 بروز جمعرات تا 03 اکتوبر 2018 بروز بدھ صبح 10:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک وصول کرلیں اور تمام تفصیلات پُر کر کے 03 اکتوبر 2018 بروز بدھ شام 05:00 بجے تک گروپ آفس میں ہی جمع کرادیں۔

Mukhtar Husain

مختار حسین ڈوسانی

اعزازی جنرل سیکرٹری

ملاحظہ:

۱- صرف وہی اراکین ووٹ دینے کے اہل ہوں گے جنہوں نے اپنے تمام واجب الادا بقایا جات کی ادائیگی کی ہوگی۔ الیکشن میں حصہ لینے والے اراکین کو موجودہ سال کی فیس کی ادائیگی بھی کرنی ہوگی۔

۲- اہم معلومات، الیکشن کے قواعد و ضوابط اگلے صفحات پر موجود ہیں۔

# اہم معلومات

۱- مقررہ وقت تک کورم پورا نہ ہونے کی صورت میں اجلاس ملتوی کر دیا جائے گا، ملتوی شدہ اجلاس مقررہ تاریخ کو ہی آدھے گھنٹے بعد گروپ آفس میں ہی ہوگا، ملتوی شدہ اجلاس کیلئے کورم کا پورا ہونا ضروری نہیں ہے۔

۲- الیکشن میں حصہ لینے کیلئے کاغذات نامزدگی حاصل کرنے کے بعد (صرف گروپ آفس سے جاری کردہ) پُر کر کے مقررہ تاریخ تک صبح 10:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک گروپ آفس میں رکھے گئے سربمہر ڈبے میں ڈال دیں۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد کوئی بھی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

۳- الیکشن درج ذیل عہدوں کیلئے منعقد ہوگا:

(الف) صدر کی ایک نشست

(ب) مینیجنگ کمیٹی کی 6 نشست

۴- کسی بھی رکن کی جانب سے اس کے رشتہ دار، نمائندہ یا وکیل کو ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۵- صرف وہی اراکین ووٹ ڈالنے کے اہل ہونگے جنہوں نے 30-06-2018 تک اپنے تمام بقایا جات ادا کئے ہونگے۔

۶- پولنگ کا عمل 06 اکتوبر 2018 بروز ہفتہ دوپہر 02:00 بجے تا شام 06:00 بجے تک بلا تعطل جاری رہے گا، گنتی کا عمل ووٹ ڈالنے کا وقت ختم ہونے کے فوری بعد شروع ہو جائے گا۔

۷- سالانہ کارکردگی رپورٹ، سالانہ اکاؤنٹس، منٹس وغیرہ کے حوالے سے اگر کوئی بھی معلومات درکار ہوں تو مجلس عاملہ کے سالانہ اجلاس کے منعقد ہونے سے 7 دن پہلے تک تحریری طور پر گروپ آفس میں جمع کرا دیں۔

۸- اگر کوئی بھی رکن کسی بھی مسئلہ یا موضوع کو مجلس عاملہ کے سالانہ اجلاس کا حصہ بنانے کا خواہشمند ہو تو وہ اجلاس سے 7 دن قبل تحریری طور پر گروپ آفس میں جمع کرا دے تا کہ آئین کی دفعہ (d)19 کے تحت اس موضوع یا مسئلہ پر بحث اور غور کیا جا سکے۔

۹- کسی بھی رکن کو درج بالا نکات میں سے کسی بھی بات کی وضاحت مطلوب ہو تو ان سے گذارش ہے کہ از راہ کرم گروپ آفس میں صبح 10:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک رابطہ فرمائیں۔

مختار حسین ڈوسانی

اعزازی جنرل سیکرٹری

# الیکشن کے قواعد وضوابط

۱۔ صرف وہی کاغذات نامزدگی جمع کرائے جاسکتے ہیں جو کہ گروپ کی مہراورآفس سیکرٹری کی دستخط سے جاری کئے گئے ہونگے۔

۲۔ کاغذات نامزدگی پر مکمل تفصیلات ہونی چاہیئے، اگر کاغذات نامزدگی پر کوئی بھی غلطی، نشان یا کسی طرح کی کوئی بھی علامت ہوئی تو ایسے کاغذات کو منسوخ کردیا جائے گا۔

۳۔ ہرامیدوارصدر یا مینیجنگ کمیٹی میں سے کسی ایک نشست کیلیئے کاغذات نامزدگی جمع کراسکتا ہے۔اگرکسی امیدوار نے دونوں نشستوں کیلیئے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تو ایسے امیدوار کے کاغذات نامزدگی منسوخ کردئے جائیں گے۔

۴۔ کاغذات نامزدگی مکمل تفصیلات اوراپنے دستخط کے ساتھ مقررہ وقت تک جمع کرادیں۔مقررہ وقت کے بعد کسی بھی امیدوار کے کاغذات وصول نہیں کئے جائیں گے۔

۵۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کیلیئے مینیجنگ کمیٹی کی جانب سے ایک کمیٹی قائم کی جائے گی جو کہ تمام جمع کرائے جانے والے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کرے گی۔کسی بھی کاغذات نامزدگی کی قبولیت یا منسوخی کا حق کمیٹی کو حاصل ہوگا اوراس کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۶۔ مینیجنگ کمیٹی، گروپ کے اراکین میں سے کم ازکم ایک اور زیادہ سے زیادہ تین افراد کو ریٹرننگ آفیسر نامزد کرے گی جو کہ الیکشن کے تمام ترمراحل کی نگرانی کریں گے۔

۷۔ کاغذات نامزدگی مجلس عاملہ کے سالانہ اجلاس سے تین دن پہلے تک واپس لئے جاسکتے ہیں۔امیدواران کی حتمی فہرست الیکشن سے تین دن پہلے جاری کردی جائے گی۔

۸۔ ووٹنگ کا عمل خفیہ بیلٹ سسٹم کے ذریعے ہوگا جو کہ اعزازی جنرل سیکرٹری کی جانب سے جاری ہونگے جو کہ ہرووٹر کے دستخط کے تصدیق کے بعد جاری ہوگا۔

۹۔ ووٹر جس امیدوار کو ووٹ دینے کا خواہشمند ہو، اس امیدوار کے نام کے سامنے کراس (X) کا نشان لگائے۔

۱۰۔ صدر کے عہدے کیلیئے کوئی بھی رکن جس نے گروپ کے تمام واجبات ادا کردیئے ہوں۔کسی بھی امیدوار کو propose یا second کرسکتا ہے لیکن یادرہے کہ صدر کے عہدے کیلیئے ایک سے زائد امیدواران کو propose یا second نہیں کرسکتے لیکن مینیجنگ کمیٹی کے امیدواران کو propose یا second کرنے کیلیئے اس قاعدے کا اطلاق نہیں ہوگا۔مینیجنگ کمیٹی کی تمام نشستوں کیلیئے آپ propose یا second کرسکتے ہیں۔

۱۱۔ کاغزات نامزدگی کو propose یا second کرنے والے اراکین وہی دستخط کریں جو کہ گروپ کے ریکارڈ میں موجود ہیں۔دستخط مختلف ہونے کی صورت میں بھی کاغزات نامزدگی منسوخ کردیئے جائیں گے۔

۱۲۔ ہرووٹر کم ازکم 4 اور زیادہ سے زیادہ 6 ووٹ دینے کا اہل ہے، 6 سے زیادہ ووٹ دینے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی کسی امیدوار کو ایک سے زیادہ ووٹ دیئے جاسکتے ہیں۔

۱۳۔ امیدوار، proposer یا seconder میں سے کسی کے ذمہ بھی اگر گروپ کے واجبات ہوئے تو ایسے امیدوار کے کاغزات نامزدگی منسوخ کردیئے جائیں گے۔

# کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ

ساہو والا چیمبر، صدیق وہاب روڈ کراچی، پاکستان

## 76ویں سالانہ مجلس عاملہ کے اجلاس کے نکات:

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی مجلس عاملہ کا 76واں سالانہ اجلاس مورخہ 16 ستمبر 2017 بروز ہفتہ کو گروپ کے آفس میں صبح 11:00 بجے منعقد ہوا۔

اجلاس میں درج ذیل امور انجام پائے۔

اجلاس کی صدارت جناب سلیمان سومرو نے کی۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت جناب حاجی حسین خاں تُرک نے حاصل کی۔

کورم مکمل نہ ہونے کے باعث آئین کے مطابق اجلاس کو آدھے گھنٹے کیلیئے ملتوی کر دیا گیا۔

آدھے گھنٹے بعد 11:30 بجے اجلاس پھر سے شروع ہوا۔ آئین کے مطابق ایسے اجلاس کیلیئے کورم کا مکمل ہونا شرط نہیں ہے۔

اجلاس میں 16 ممبران نے شرکت کی۔

## 22 اکتوبر 2016 کو منعقد ہونے والے 75ویں سالانہ مجلس عاملہ کے اجلاس کے منٹس کی منظوری:

کسی بھی رکن کی جانب سے کوئی مخالفت یا سوال نہ ہونے کے باعث 75ویں سالانہ مجلس عاملہ کے اجلاس کے منٹس اتفاق رائے سے منظور کر لیئے گئے۔ مذکورہ منٹس کو جناب حاجی حسین خاں تُرک نے propose اور جناب حاجی عثمان جعفرانی نے second کیا۔

## 30-06-2017 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کی سیکرٹری رپورٹ کی منظوری:

کسی بھی رکن کی جانب سے کوئی مخالفت یا سوال نہ ہونے کے باعث 30-06-2017 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کی سیکرٹری رپورٹ کو مجلس عاملہ نے اتفاق رائے سے منظور کرلیا، اس رپورٹ کو جناب سید دلاور حسین نے propose اور جناب حاجی حسین خاں تُرک نے second کیا۔

## 30-06-2017 کو اختتام پذیر والے مالی سال کے سالانہ تصدیق شدہ اکاؤنٹس کی منظوری:

کسی بھی رکن کی جانب سے کوئی سوال نہ ہونے کے باعث 30-06-2017 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے ان حسابات کو متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا۔

## مالی سال 2017-2018 کیلیئے آڈیٹر کا تقرر اور ان کے مشاہرے کے تعین:

میسرز پنجوانی اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹس کی جانب سے مالی سال 2017-2018 کیلیئے 15000 روپے فیس کے ساتھ آڈٹ کرنے کی پیشکش موصول ہوئی لہٰذا مجلس عاملہ نے اتفاق رائے سے میسرز پنجوانی اینڈ کو چارٹرڈ اکاؤنٹس کو مالی سال 2017-2018 کیلیئے بحیثیت آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دیدی اور ساتھ ہی 15000 روپے فیس کی منظوری بھی دے دی۔

## الیکشن 2017-2018:

اعزازی جنرل سیکرٹری نے مطلع کیا کہ الیکشن کی جانچ پڑتال کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق 11 کاغذات نامزدگی وصول ہوئے ہیں جن کے نام یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ جناب سلیمان حاجی عثمان سومرو | امیدوار برائے صدر |
| ۲۔ جناب محمد شرجیل گوپلانی | امیدوار برائے صدر |

**امیدوار برائے مینیجنگ کمیٹی:**

۳۔جناب امیر ککل

۴۔جناب حاجی حسین خاں ترک

۵۔جناب حاجی عثمان جعفرانی

۶۔جناب منصور احمد کادوانی

۷۔جناب محمد امین

۸۔جناب محمد عارف داتا

۹۔جناب محمد حنیف

۱۰۔جناب صابر علی بنگش

۱۱۔جناب زوہیب غفور بگلا

اعزازی جنرل سیکرٹری جناب عبدالحمید بگلا نے کہا کہ صدر کی 1 نشست کیلئے 2 امیدوار اور مینیجنگ کمیٹی کی 6 نشستوں کیلئے 9 امیدوار مدّمقابل ہیں۔ الیکشن ان شاء اللہ سہ پہر 03:00 بجے سے 06:00 بجے تک منعقد ہوگا۔

مذکورہ بالا امور کے خوش اسلوبی سے منعقد ہونے کے بعد میٹنگ اختتام پذیر ہوئی۔

عبدالحمید بگلا
اعزازی جنرل سیکرٹری

سلیمان سومرو
صدر

# کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ

ساہو والا چیمبر، صدیق وہاب روڈ کراچی، پاکستان

## سیکرٹری رپورٹ

محترم جناب صدر صاحب، مینیجنگ کمیٹی کے اراکین

اور گروپ کے تمام معزز اراکین!

تمام تعریفیں اس رب العالمین کی پاک ذات کیلئے جو تمام جہانوں کا پیدا کرنے والا ہے۔ درود و سلام رحمت للعالمین، محمد مصطفیٰ ﷺ پر جن کے وسیلے سے یہ دنیا بنی اور جن کی بے انتہا قربانیوں کی بدولت یہ دین اسلام ہم تک پہنچا۔ اللہ رب العزت کی حمد وثناء اور نبی ﷺ کی پاک ذات پر درود و سلام کے بعد میں اللہ رب العزت کا شکر ادا کرتا ہوں کہ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کا ایک اور سال کامیابی اور خوش اسلوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ میرے لئے انتہائی اعزاز کی بات ہے کہ میں سال 18-2017 کے دوران کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کے اعزازی جنرل سیکرٹری کے عہدے پر فائز رہا۔

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کا 76 واں سالانہ مجلس عاملہ کا اجلاس اور اور الیکشن مورخہ 16 ستمبر 2017ء بروز ہفتہ کو منعقد ہوا۔ الیکشن کی جانچ پڑتال کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق 11 کاغذات نامزدگی وصول ہوئے۔ امیدواران اور ان کے حاصل کردہ کُل ووٹ کی تعداد درج ذیل ہے:

| امیدوار برائے صدر | حاصل کردہ ووٹ |
|---|---|
| 1۔ جناب سلیمان حاجی عثمان سومرو | 136 |
| 2۔ جناب محمد شرجیل گوپلانی | 103 |

جناب سلیمان سومرو صاحب سال 2018-2017 کیلئے بطور صدر منتخب ہوئے۔

| امیدوار برائے اراکین مینیجنگ کمیٹی | حاصل کردہ ووٹ |
|---|---|
| 1۔ جناب حاجی عثمان جعفرانی | 193 |
| 2۔ جناب حاجی حسین خاں ٹُرک | 177 |
| 3۔ جناب محمد امین | 173 |
| 4۔ جناب محمد حنیف | 148 |
| 5۔ جناب منصور احمد کادوانی | 146 |
| 6۔ جناب محمد عارف داتا | 146 |
| 7۔ جناب امیر ککل | 117 |
| 8۔ جناب صابر علی بنگش | 103 |
| 9۔ جناب زوہیب غفور بگلا | 80 |

درج بالا امیدوار سیریل نمبر 1 تا 6 سال 2018-2017 اور سال 2019-2018 کیلئے بطور رکن مینیجنگ کمیٹی منتخب ہوئے۔

الیکشن کا مرحلہ خوش اسلوبی سے مکمل ہونے کے بعد مورخہ 20-09-2017 کو مینیجنگ کمیٹی برائے سال 18-2017 کی پہلی باضابطہ میٹنگ منعقد ہوئی جس میں درج ذیل آفس عہدیداران کا تقرر ہوا۔

| | |
|---|---|
| جناب زاہد حسین پیرانی | نائب صدر |
| جناب مختار حسین ڈوسانی | اعزازی جنرل سیکرٹری |

| | |
|---|---|
| جناب محمد امین | اعزازی جوائنٹ سیکرٹری |
| جناب حاجی عثمان جعفرانی | اعزازی خزانچی |

جبکہ درج ذیل سب کمیٹیز کا قیام اوران کے کنوینئرز حضرات کا تقرر رہوا۔

| | |
|---|---|
| امپورٹ سب کمیٹی | جناب مختار حسین ڈوسانی |
| لاءاینڈ آرڈر سب کمیٹی | جناب محمد حنیف |
| مصالحتی سب کمیٹی | جناب حاجی شوکت حسین داناوالا |
| لیبر سب کمیٹی | جناب حاجی حسین خاں ترک |
| آئی ٹی سب کمیٹی | جناب محمد امین |
| میڈیا اینڈ ٹریڈ کوآرڈینیشن سب کمیٹی | جناب منصور احمد کادوانی |
| یوٹیلیٹی افیئرز سب کمیٹی | جناب محمد عارف داتا |

اس سال کے دوران کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ نے جو بھی کامیابیاں حاصل کیں وہ مکمل طور پر ٹیم ورک کا نتیجہ تھیں۔ ہماری ہر ممکن کوشش رہی کہ تمام تر معاملات خوش اسلوبی سے حل ہوں اور اس میں الحمدللہ ہم کامیاب بھی رہے جس کیلئے مجھے میرے ساتھیوں صدر اور مینیجنگ کمیٹی کے تمام اراکین کا تعاون حاصل رہا جس کیلئے میں اپنے تمام ساتھیوں کا مشکور ہوں۔ ہماری کوشش رہی کہ مینیجنگ کمیٹی میں جو بھی فیصلے ہوں اس پر مکمل طریقے سے عمل درآمد ہو۔

سال 18-2017 کے دوران ہونے والے تمام معاملات کی تفصیل آپ معزز ممبران کی دلچسپی کے لئے درج ذیل ہے:

گروپ کے معاملات کو منظم رکھنے کیلئے اس سال 10 باضابطہ میٹنگ منعقد کی گئیں۔ اس کے علاوہ وقتاً فوقتاً مختلف سب کمیٹیز کی میٹنگز بھی منعقد کی گئیں۔ تمام میٹنگز میں شرکاء کی تعداد حوصلہ افزا رہی۔ ذیل میں میٹنگ میں شرکاء کی تعداد درج ہے:

## (الف) میٹنگز میں شرکاء کی تعداد:

| | حاضر | غیر حاضر | درخواست | فیصد |
|---|---|---|---|---|
| ا۔ پہلی باضابطہ میٹنگ 20-09-2017 | 13 | - | - | 100% |
| ۲۔ دوسری باضابطہ میٹنگ 31-10-2017 | 12 | - | 1 | 92% |
| ۳۔ تیسری باضابطہ میٹنگ 23-12-2017 | 8 | 2 | 3 | 62% |
| ۴۔ چوتھی باضابطہ میٹنگ 30-01-2018 | 11 | - | 3 | 79% |
| ۵۔ پانچویں باضابطہ میٹنگ 20-02-2018 | 10 | 1 | 3 | 71% |
| ۶۔ چھٹی باضابطہ میٹنگ 29-03-2018 | 11 | - | 3 | 79% |
| ۷۔ ساتویں باضابطہ میٹنگ 11-04-2018 | 10 | 3 | 1 | 71% |
| ۸۔ آٹھویں باضابطہ میٹنگ 16-05-2018 | 8 | 2 | 4 | 57% |
| ۹۔ نویں باضابطہ میٹنگ 16-08-2018 | 9 | 2 | 3 | 64% |
| ۱۰۔ دسویں باضابطہ میٹنگ 31-08-2018 | 11 | 1 | 2 | 79% |

## (ب) مینیجنگ کمیٹی کے اراکین کی حاضری:

| مینیجنگ کمیٹی کے رکن کا نام | حاضر | غیر حاضر | درخواست | فیصد |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ جناب سلیمان سومرو | 10 | - | - | 100% |
| ۲۔ جناب زاہد حسین پپرانی | 8 | - | 2 | 80% |
| ۳۔ جناب مختار حسین ڈوسانی | 10 | - | - | 100% |
| ۴۔ جناب محمد امین | 10 | - | - | 100% |
| ۵۔ جناب حاجی عثمان جعفرانی | 4 | 1 | 5 | 40% |
| ۶۔ جناب سید دلاور حسین | 2 | 3 | 5 | 20% |
| ۷۔ جناب حاجی حسین خان ترک | 7 | 2 | 1 | 70% |
| ۸۔ جناب سید محمد تقی | 10 | - | - | 100% |
| ۹۔ جناب محمد عارف داتا | 8 | 1 | 1 | 80% |
| ۱۰۔ جناب عبدالشکور | 7 | - | 3 | 70% |
| ۱۱۔ جناب منصور احمد کادوانی | 9 | - | 1 | 90% |
| ۱۲۔ جناب حاجی شوکت حسین داناوالا | 9 | - | 1 | 90% |
| ۱۳۔ جناب محمد حنیف | 3 | 5 | 2 | 30% |
| ۱۴۔ جناب مشتاق ولی محمد | 6 | - | 1 | 86% |

جناب مشتاق ولی محمد کو 23 دسمبر 2017ء کو منعقد ہونے والی مینیجنگ کمیٹی کی تیسری میٹنگ میں بطور کو آپٹیڈ ممبر منتخب کیا گیا تھا۔

## نئے ممبران کی شمولیت:

سال 2017-2018 کے دوران 24 نئی درخواستیں گروپ کی ممبر شپ کیلئے موصول ہوئیں۔ گروپ کی مینیجنگ کمیٹی کی جانب سے ان تمام درخواستوں کو قبول کرتے ہوئے گروپ کی ممبر شپ دے دی گئی۔

## تعزیت:

سال 2017-2018 کے دوران کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کے ممبرز اور ان کے متعلقین درج ذیل افراد اس دارِ فانی سے کُوچ کر کے اپنی ابدی منزل کی طرف روانہ ہوئے:

1۔ میسرز علی کو کے مینیجر جناب محمد داؤد صاحب کے بیٹے
2۔ میسرز آئی ٹریڈ پاکستان کے جناب صابر بنگش صاحب کے بھتیجے
3۔ میسرز حاجی قاسم ٹریڈنگ کو کے جناب حنیف سومرو صاحب اور جناب اسحاق سومرو صاحب کی ہمشیرہ
4۔ محمد ابراہیم سومرو صاحب کی ہمشیرہ
5۔ میسرز قاسم محمد اینڈ سنز کے غلام رسول سومرو صاحب کی ہمشیرہ
6۔ اعزازی رکن جناب عبدالشکور سومرو صاحب کی ہمشیرہ
7۔ میسرز باسٹھیا امپیکس کے جناب سعید احمد باسٹھیا کے بھائی

8۔ میسرز ایس ایم بی امپیکس کے جناب مقصود احمد باسٹھیا کے بھائی

9۔ میسرز ریکس ٹمبر مارٹ کے مالک جناب محمد اقبال صاحب

10۔ میسرز شاہی ٹریڈرز کے جناب محمد یعقوب صاحب کی والدہ

11۔ میسرز یونیک انٹر پرائزز کے جناب صابر حسین صاحب کی والدہ

12۔ میسرز کمال کارپوریشن کے جناب محمد کمال صاحب

13۔ چکل ٹمبر پونڈ کے جناب محمد یوسف صاحب کے بیٹے

14۔ میسرز ایف اے ٹریڈنگ کے جناب زاہد حسین پپرانی صاحب کی والدہ

15۔ میسرز پاکیٹیکس بورڈ کے جناب امان اسلم صاحب کی دادی

اللہ پاک ان تمام افراد کے لواحقین کو صبر دے اور اس عظیم نقصان کو برداشت کرنے کا حوصلہ دے اور مذکورہ بالا افراد سمیت جتنے بھی افراد ایمان کی حالت میں اس دنیا سے رخصت کر گئے ہیں ان تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ آمین

## مختلف سب کمیٹیز کے تحت ہونے والی اہم سرگرمیاں:

### امپورٹ سب کمیٹی:

امپورٹ سب کمیٹی کے کنوینئر جناب مختار حسین ڈوسانی ہیں جبکہ جناب مشتاق ولی محمد صاحب اور جناب محمد امین یوسف صاحب کمیٹی کے ممبر ہیں۔۔ امپورٹ سب کمیٹی کے تحت ہارڈ ووڈ، سوفٹ ووڈ اور الائیڈ آئیٹمز کی کسٹم ویلیوایشن کیلئے گروپ آفس میں متعدد میٹنگز منعقد کی گئیں جن میں مارکیٹ سے کثیر تعداد میں امپورٹر حضرات شریک ہوتے رہے اور اپنی قیمتی تجاویز سے ہماری رہنمائی کرتے رہے جس کے باعث گروپ کو کسٹم حکام کے سامنے ایک متفقہ مؤقف رکھنے میں آسانی ہوئی۔ گروپ کی امپورٹ سب کمیٹی کے ممبرز کی جانب سے کسٹم حکام کے ساتھ ملاقاتوں اور خط وکتابت کا سلسلہ سال بھر جاری رہا۔

ہر سال کی طرح اس سال بھی گروپ کی جانب سے وفاقی حکومت کے مختلف اداروں اور ان کے افسران کو بجٹ تجاویز ارسال کرنے کیلئے گروپ سے وابستہ امپورٹر حضرات کی 2 میٹنگز منعقد کی گئیں اور ممبرز سے مشاورت کی روشنی میں بجٹ تجاویز تیار کی گئیں اور وفاقی حکومت کے مختلف وزراء بشمول وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان اور دیگر اعلیٰ حکام اور حکومتی اداروں کو ارسال کی گئیں اس کے علاوہ ایک وفد بھی جناب مختار حسین ڈوسانی صاحب کی سربراہی میں وفاقی وزراء اور اراکین سینیٹ کو بجٹ تجاویز دینے کے سلسلے میں اسلام آباد گیا۔ اس وفد میں جناب زاہد حسین پپرانی، جناب مشتاق ولی محمد اور جناب سعید باسٹھیا شامل تھے۔ دورے کے اخراجات اراکین وفد نے خود ادا کئے۔

### لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی:

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی لاء اینڈ آرڈر کمیٹی کے کنوینئر جناب محمد حنیف ہیں۔ گروپ کی لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی نپیئر تھانے کے اشتراک سے اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ سیکورٹی سسٹم کو بہتر انداز میں چلانے کیلئے پولیس موبائل ٹیم کیلئے روزانہ دوپہر کے کھانے اور چائے کا بھی انتظام کیا گیا ہے تاکہ موبائل ٹیم زیادہ جانفشانی اور بہتر انداز کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے سکے۔

لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی کے کنویز جناب محمد حنیف نے ممبرز کو رقوم کی بحفاظت ترسیل کرنے کیلئے ایک سرکلر بھی جاری کیا تھا کہ جس ممبر کو بھی بینک سے رقم نکالنی ہو یا جمع کرانی ہو تو وہ ممبر سیکورٹی سسٹم کی ٹیم سے رابطہ کرے۔ سیکورٹی سسٹم کی ٹیم فنڈز کی بحفاظت ترسیل میں ممبرز کی مدد کرے گی۔

ہمارے معزز رکن جناب آدم جعفرانی صاحب کا پلائی کا کنٹینر اغواء کر لیا گیا تھا لیکن لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی کے کنویز جناب محمد حنیف صاحب نے فوری کاروائی کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر چند گھنٹوں میں ہی کنٹینر برآمد کرالیا۔

آئرن اینڈ اسٹیل مارکیٹ کے تاجر جناب محمد زبیر گھی والا کا بھی کروڑوں روپے مالیت کا مال ان کے گودام سے چوری کر لیا گیا جس کی برآمدگی کیلئے انہوں نے کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی کے کنویز جناب محمد حنیف صاحب سے رابطہ کیا اور جناب محمد حنیف صاحب نے الحمدللہ ان کا مال بھی کامیابی سے برآمد کرایا جو کہ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کیلئے انتہائی اعزاز کی بات ہے کہ ہمارے سیکورٹی سسٹم سے نا صرف ٹمبر مارکیٹ بلکہ اطراف کی مارکیٹ کے تاجر بھی استفادہ کرتے ہیں۔

ہمیں اس بات کا افسوس ہے کہ ہمارے متعدد ممبرز ہمارے ساتھ تعاون نہیں کر رہے اور سیکورٹی سسٹم کی ماہانہ فیس نہیں دے رہے اسلئے سیکورٹی سسٹم کو چلانے میں انتہائی دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ممبرز فیس نہ دینے کا یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ شہر میں امن وامان کی صورتحال میں بہتری ہوئی ہے اسلئے اب سیکورٹی سسٹم کی ضرورت نہیں ہے حالانکہ امن وامان برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی سسٹم کی اشد ضرورت ہے۔ اسلئے تمام ممبرز سے گذارش ہے کہ سیکورٹی سسٹم کو کامیابی سے چلانے کیلئے ہمارے ساتھ تعاون کریں اور فیس کی بروقت ادائیگی کریں۔

## مصالحتی سب کمیٹی(Reconciliation Sub Committee):

گروپ کی مصالحتی کمیٹی کے کنوینئر جناب حاجی شوکت حسین داناوالا ہیں جبکہ جناب سلیمان سومرو، جناب مختار حسین ڈوسانی اور دیگر اراکین مینیجنگ کمیٹی مختلف کیسز کی نوعیت کے پیشِ نظر معاونت کرتے ہیں۔ اس سال گروپ کی مصالحتی کمیٹی کے سامنے وقتاً فوقتاً مختلف کیسز پیش ہوتے رہے گروپ کی مصالحتی کمیٹی نے متعلقہ فریقین کو بٹھا کر ان کا مؤقف سنا اور مکمل تحقیقات کرنے کے بعد اللہ رب العزت کو حاضر ناظر جانتے ہوئے متعلقہ فریقین کے درمیان معاملات کو حل کرایا۔ گروپ کی مصالحتی کمیٹی نے الحمدللہ کراچی سے باہر کی پارٹیوں سے ریکوری کے معاملات بھی خوش اسلوبی سے حل کرائے جس میں خاص طور پر پشاور کی پارٹی سے رقم برآمد کرانا ایک اہم کامیابی ہے۔ پشاور کی پارٹی نے گروپ کے ممبرز سے کروڑوں روپے مالیت کا سامان لیا تھا لیکن رقم کی ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لے رہی تھی لیکن اعزازی جنرل سیکرٹری جناب مختار حسین ڈوسانی صاحب نے دیگر اراکین مینیجنگ کمیٹی کے تعاون سے اس کیس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ جناب مختار صاحب اپنے ذاتی اخراجات سے پشاور گئے اور مذکورہ پارٹی سے رقم کی ادائیگی کے تمام معاملات طے کئے اور گروپ کے ممبرز کی رقم کی ادائیگی میں اہم کردار ادا کیا۔ اس طرح ملک بھر کے تاجروں پر کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کا یہ پہلو بھی اجاگر ہوا کہ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ اپنے ممبرز کے ساتھ ہر دکھ سکھ کی گھڑی میں ساتھ ہے۔ گروپ کو ملنے والی ان تمام تر کامیابیوں پر ہم اللہ رب العزت کے شکر گذار ہیں۔

## لیبر سب کمیٹی(Labour Sub Committee):

لیبر سب کمیٹی کے کنوینئر جناب حاجی حسین خاں ترک ہیں۔ لیبر سب کمیٹی کے سامنے کوئی بھی کیس پیش نہیں ہوا۔ اس سال بھی مزدوری کے نرخ گذشتہ سال کے ہی برقرار رہے اور مزدوری کے نرخوں میں کوئی کمی بیشی نہیں کی گئی۔

## آئی ٹی سب کمیٹی(I. T. Sub Committee):

آئی ٹی سب کمیٹی کے کنوینئر جناب محمد امین یوسف صاحب ہیں۔ گروپ میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے ویب سائٹ اور فیس بک پیج پر اپڈیٹ دی گئیں۔ گروپ کی ویب سائٹ اور فیس بک پیج کے ایڈریس درج ذیل ہیں:

www.ktmg.com.pk / www.facebook.com/ktmg.com.pk

اس کے علاوہ گروپ کی جانب سے بذریعہ واٹس ایپ بھی ممبرز کو سرکلر ارسال کئے جاتے ہیں۔ اگر کسی ممبر کو گروپ کے آفس سیکرٹری کی جانب سے سرکلر موصول نہیں ہو رہے تو ان سے گذارش ہے کہ اپنے واٹس ایپ نمبر سے گروپ کے آفس سیکرٹری کے نمبر پر اپنا گروپ ممبرشپ نمبر میسج کریں۔ ان شاء اللہ اس ممبر کا نام فہرست میں شامل کرلیا جائے گا۔ گروپ کے آفس سیکرٹری کا نمبر یہ ہے: 0335-3476757

## میڈیا اینڈ ٹریڈ کوآرڈینیشن سب کمیٹی(Media and Trade Coordination Sub Committee):

اس کمیٹی کے کنوینر جناب منصور احمد کادوانی ہیں۔ جناب منصور احمد کادوانی نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مارکیٹ اور گروپ میں ہونے والے والی سرگرمیوں کی بھرپور انداز میں پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا میں تشہیر کی۔

## یوٹیلیٹی افیئرز سب کمیٹی(Utility Affairs Sub Committee):

اس کمیٹی کے کنوینر جناب محمد عارف داتا ہیں۔ جناب عارف داتا صاحب نے ممبرز کی بجلی، سیوریج اور دیگر متعلقہ مسائل کے ازالے کیلئے بھرپور انداز میں محنت کی۔ خاص طور پر کے الیکٹرک سے متعلقہ معاملات میں ممبرز کو ہر ممکن مدد فراہم کی۔

# اہم واقعات

## رضوان گھانچی کیس:

رضوان گھانچی کیس میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہوئی۔ رضوان گھانچی کی دکان جو کہ گروپ کی تحویل میں ہے جولائی 2018ء میں ایک ممبر نے 35,000 روپے کرائے پر لی لیکن چند روز بعد خالی کر دی لیکن اگلے ہی ماہ اگست میں ایک اور صاحب نے کرائے پر دکان لے لی ہے۔ مینیجنگ کمیٹی نے طے کیا ہے کہ جب تک اس کیس کا حتمی فیصلہ نہیں ہو جاتا اس وقت تک کرائے سے آنے والے رقم کو جمع کیا جائے گا۔

## کے الیکٹرک سے متعلق معاملات:

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی کاوشوں سے الحمدللہ ٹمبر مارکیٹ کو لوڈ شیڈنگ فری کر دیا گیا ہے۔ ٹمبر مارکیٹ کو لوڈ شیڈنگ فری قرار دینے کیلئے کے الیکٹرک کے CEO اور دیگر اعلیٰ حکام نے مورخہ 20 مارچ 2018ء کو ٹمبر مارکیٹ کا دورہ کیا۔ اس سلسلے میں کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی جانب سے کے الیکٹرک کے حکام کے اعزاز میں سومرو جماعت خانہ میں ایک پُروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب میں گروپ کے ممبرز اور کے الیکٹرک کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس تقریب کی پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا میں بھرپور تشہیر کی گئی۔ اس تقریب کے تمام تر اخراجات اراکین مینیجنگ کمیٹی نے ادا کئے۔

یوٹیلیٹی سب کمیٹی کے کنوینر جناب محمد عارف داتا کے الیکٹرک سے متعلقہ معاملات کی بھرپور انداز میں نگرانی کرتے رہے اور اگر کسی بھی ممبر کو بجلی کے حوالے سے کوئی شکایت ہوتی تو فوری طور پر کے الیکٹرک کے متعلقہ نمائندوں سے مل کر مذکورہ شکایت کا ازالہ کرتے رہے۔

## 3 روزہ ڈرائیونگ لائسنس کیمپ کا انعقاد:

ممبرز اور اہل علاقہ کو ڈرائیونگ لائسنس کی سہولت فراہم کرنے کیلئے گروپ آفس میں مورخہ 06 فروری تا 08 فروری 3 روزہ ڈرائیونگ لائسنس کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس کیمپ کے انعقاد کا سہرا جناب منصور احمد کادوانی کے سر ہے جنہوں نے اپنے تعلقات کو بروئے کار لاتے ہوئے مذکورہ کیمپ کا انعقاد کیا۔ 1100 سے زائد افراد کو لرننگ ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء کیا گیا۔ اس کیمپ کے تمام تر اخراجات اراکین مینیجنگ کمیٹی نے ادا کئے۔ پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا نے اس لائسنس کیمپ کی بھرپور کوریج کی اور کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی اپنے ممبرز اور اہل علاقہ کی خدمات کیلئے کی گئی کاوش کو سراہا۔

## ٹریڈ لائسنس فیس:

ہر سال کی طرح اس سال بھی ٹریڈ لائسنس ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے مارکیٹ کا دورہ کیا۔ ٹریڈ لائسنس ٹیم کی مینیجنگ کمیٹی سے میٹنگ کے بعد سرکلر بھی جاری کیا گیا کہ جن حضرات نے اب تک ٹریڈ لائسنس نہیں بنوائے ان سے گذارش ہے کہ 300 روپے فیس کی ادائیگی کر کے ٹریڈ لائسنس بنوالیں۔ ٹریڈ لائسنس سے متعلقہ تمام تر امور کی نگرانی اعزازی جوائنٹ سیکرٹری جناب محمد امین یوسف اور یوٹیلیٹی افیئرز سب کمیٹی کے کنوینر جناب محمد عارف داتا صاحب نے کی۔

## سول ڈیفنس:

محکمہ سول ڈیفنس کے اعلیٰ حکام نے سول ڈیفنس کے اصولوں کی پابندی کے سلسلے میں گروپ آفس کا دورہ کیا اور اراکین مینیجنگ کمیٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں طے کیا گیا کہ محکمہ سول ڈیفنس کی جانب سے آزمائشی طور پر چند آگ بجھانے کے آلات اور ابتدائی طبی امداد کے باکس ممبرز کو رقم کی ادائیگی کے بعد ادا کئے جائیں گے۔ جس کے بعد سول ڈیفنس کی ٹیم سول ڈیفنس کی تربیت بھی فراہم کرے گی، لیکن اب تک محکمہ سول ڈیفنس کی جانب سے اس پر عمل درآمد نہیں ہوا۔

## کراچی چیمبر آف کامرس میں نمائندگی:

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی مینیجنگ کمیٹی کے معزز رکن جناب منصور احمد کادوانی سال 18-2017 کیلئے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن کے طور پر منتخب ہوئے اور ساتھ ہی ساتھ چیمبر کی لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی کے چیئرمین کے عہدے پر بھی فائز ہوئے۔ گروپ کے معزز رکن کا ملک کی اہم ترین ٹریڈ باڈی کے عہدے پر تعینات ہونا ہم سب کیلئے انتہائی اعزاز کی بات ہے۔

## ممبرز سے ملاقات کیلئے ہفتہ وار نشست:

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کے صدر جناب سلیمان سومرو صاحب ممبرز سے ملاقات کیلئے خصوصی طور پر ہر ہفتے بروز منگل کو شام 04:00 بجے گروپ آفس میں موجود ہوتے تھے۔ ممبرز اپنے مسائل کے حل کیلئے جناب صدر صاحب سے ملاقات کرتے تھے۔ اس کے علاوہ ممبرز مارکیٹ کی بہتری کیلئے اپنی تجاویز سے بھی آگاہ کرتے رہے۔

## سالانہ عید ملن تقریب:

ہر سال کی اس سال بھی کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی جانب سے سومرو جماعت خانہ، سومرو گلی، کراچی میں سالانہ عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا تھا جس میں کثیر تعداد میں اراکین گروپ اور بینکرز نے شرکت کی۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی یہ تقریب عید الفطر کے چوتھے روز منعقد ہوئی۔ صدر، جنرل سیکرٹری اور مینیجنگ کمیٹی کے اراکین کی جانب سے شرکاء کا استقبال کیا گیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت گروپ کے معزز رکن جناب حنیف سومرو صاحب نے حاصل کی۔ تلاوت کے بعد نبی ﷺ کی شان اقدس میں نعت پیش کی گئی جس کی سعادت بھی جناب حنیف سومرو نے حاصل کی۔ نعت رسول مقبول ﷺ کے بعد جناب منصور احمد کادوانی نے اس سال گروپ سے وابستہ وہ افراد جو اس دنیا سے رخصت کر گئے ہیں ان کیلئے اور تمام مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کرائی۔

اسٹیج سیکرٹری کے فرائض جناب منصور احمد کادوانی نے سرانجام دئے۔ جناب سلیمان سومرو صاحب اور دیگر اراکین مینیجنگ کمیٹی نے ڈیسک پر آکر شرکاء کو عید کی مبارک باد دی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا جس کے بعد آخر میں شرکاء کی ریفریشمینٹ سے تواضع کی گئی۔ اس تقریب کے تمام تر انتظامات گروپ کیا عزازی جوائنٹ سیکرٹری جناب محمد امین یوسف نے گروپ کے اسٹاف کی معاونت سے کئے تھے۔

## ضروری وضاحت:

☆ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کے آئین کی دفعہ نمبر 19 کے تحت سالانہ مجلس عاملہ کا اجلاس مالی سال کے اختتام کے تین ماہ کے اندر کرنا ضروری ہے لیکن مقدس ایام کی مصروفیات، اراکین مینیجنگ کمیٹی کے بیرون ملک اسفار، آڈٹ رپورٹ کی تیاری میں غیر معمولی تاخیر اور دیگر ناگذیر وجوہات کی بناء پر اراکین مینیجنگ کمیٹی کی متفقہ رائے سے سالانہ مجلس عاملہ کے اجلاس اور الیکشن کیلئے 06 اکتوبر کی تاریخ طے کی گئی ہے۔

☆ گروپ کے چند معزز اراکین کی جانب سے خط موصول ہوا کہ گروپ کے الیکشن پینل کی بنیاد پر نہ ہوں بلکہ ہر رکن آزاد حیثیت میں کھڑا ہو۔ گروپ کی مینیجنگ کمیٹی نے اس معاملے پر مشاورت کی اور یہ طے کیا کہ جس طرح ملک کی تمام اہم ٹریڈ باڈیز میں الیکشن پینل کی بنیاد پر ہوتے ہیں اور کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی بھی ہمیشہ سے یہی روایت رہی ہے کہ گروپ کے الیکشن پینل کی صورت میں ہی منعقد ہوتے ہیں۔ اسی طرح اس سال بھی کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کے الیکشن بھی پینل کی بنیاد پر ہی ہونگے لیکن اگر کوئی ممبر آزاد حیثیت میں الیکشن میں کھڑا ہونا چاہے تو اسے اس کی اجازت ہے۔

## حرف آخر:

آخر میں، میں گروپ کے تمام اسٹاف، صدر صاحب اور مینیجنگ کمیٹی کے تمام اراکین کے تعاون و خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ساتھ ہی ساتھ تمام اراکین گروپ سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ تمام افراد گروپ کے اجتماعی مفاد کیلئے آگے آئیں اور بڑھ چڑھ کر گروپ کے کاموں میں حصہ لیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمارے اندر باہمی تعاون اور ایک دوسرے کیلئے قربانی کا جذبہ پیدا فرمائے تاکہ ہمارا یہ گروپ مزید سے مزید ترقی کرتا جائے۔

مختار حسین ڈوسانی

اعزازی جنرل سیکرٹری